# اسلامیات برائے جماعت سوئم

## باب اوّل ناظرہ قرآن

## باب دوئم: ایمانیات وعبادات

سبق ۱: توحید

سوال ۱: توحید کا مطلب کیا ہے؟

جواب: توحید کا مطلب اللہ تعالیٰ کو دل سے ایک ماننا اور زبان سے اس کا اقرار کرنا ہے۔

سوال ۲: اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کا مطلب کیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے سے یہ مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام جہانوں کا پیدا کرنے والا ہے۔ اُسی کے حکم سے کائنات کا نظام چل رہا ہے۔ اُس کی برابری کرنے والا کوئی نہیں۔ وہ ہر چیز کا خالق ہے۔

سوال ۳: سورۂ اخلاص میں اللہ تعالیٰ کی کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟

جواب: سورۂ اخلاص میں اللہ تعالیٰ کی یہ صفات بیان کی گئی ہیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔

۳۔ اُس کی کوئی اولاد نہیں۔

۴۔ نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔

۵۔ اُس کی برابری کرنے والا کوئی نہیں۔

سوال ۴: شرک کیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی ذات میں کسی اور کو شریک کرنا اور اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت کرنا شرک ہے۔ شرک بہت بڑا ظلم اور گناہ ہے۔

Scanned with Car

## سبق۲: رسالت

سوال۱: اللہ تعالیٰ نے نبیوں کو کس لیے بھیجا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو زندگی کا طریقہ سکھانے اور سیدھا راستہ دکھانے کے لیے نبیوں کو بھیجا تا کہ وہ انسانوں کی رہنمائی کریں۔

سوال۲: جن نبیوں پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں اُن کے نام لکھیں؟

جواب: جن نبیوں پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں اُن کے نام یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| ۱۔حضرت داوٗد علیہ اسلام | (زبور) |
| ۲۔حضرت موسیٰ علیہ اسلام | (تورات) |
| ۳۔حضرت عیسیٰ علیہ اسلام | (انجیل) |
| ۴۔حضرت محمد ﷺ | (قرآنِ مجید) |

سوال۳: تمام نبیوں نے اپنی اپنی اُمّت کو کیا تعلیم دی؟

جواب: تمام نبیوں اور رسولوں نے اپنی اپنی اُمت کے لوگوں کو سیدھا راستہ دکھایا اور اُنھیں توحید کا سبق دیا۔اُنہوں نے انسانوں کو پیار محبت سے رہنے کا درس دیا۔

سوال۴: حضرت محمد ﷺ کے بتائے ہوئے راستے پر چلنا کیوں ضروری ہے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کے بتائے ہوئے راستے پر چلنا دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے۔

## سبق۳: آخرت

سوال۱: اسلام میں آخرت سے کیا مُراد ہے؟

جواب: اسلام میں آخرت سے مراد وہ دن ہے جب دنیا اور کائنات سمیت ہر چیز ختم ہو جائے گی۔ پھر اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو زندہ کرے گا اور اُن سب کو ایک جگہ جمع کیا جائے گا۔ یہ قیامت کا دن ہو گا۔

Scanned with Car

سوال۲: قیامت کا دن کیسا ہوگا؟

جواب: یہ دن انصاف کا دن ہوگا۔ سب انسان اللہ کی عدالت میں پیش ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اس کے عمل کا پورا بدلہ دے گا۔ کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں کی جائے گی۔

سوال۳: آخرت میں نیک اعمال کا بدلہ کیسا ملے گا؟

جواب: آخرت میں نیک اعمال کا بدلہ جنت کی صورت میں ملے گا جہاں ہر قسم کی نعمتیں ہوں گی۔

سبق۴: قرآنِ مجید کا تعارُف

سوال۱: مشہور آسمانی کتابوں کے نام تحریر کریں؟

جواب: مشہور آسمانی کتابوں کے نام یہ ہیں۔

۱۔ زبور

۲۔ تورات

۳۔ انجیل

۴۔ قرآنِ مجید

سوال۲: قرآنِ مجید کس نبی پر نازل ہوا؟

جواب: قرآنِ مجید حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوا۔

سوال۳: اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید کیوں نازل کیا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید انسانوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لیے نازل کیا۔

سوال۴: قرآنِ مجید کی تلاوت کے پانچ آداب تحریر کریں؟

جواب: ۱۔ قرآن مجید پڑھنے سے پہلے وضو کرنا چاہیے۔

۲۔ قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنی چاہیے۔

Scanned with Car

۳۔قرآن مجید کی تلاوت ٹھہر ٹھہر کر کرنی چاہیے۔

۴۔قرآن مجید پڑھتے وقت باتیں نہیں کرنی چاہیے۔

۵۔قرآن مجید پڑھا جارہا ہو تو ادب سے سننا چاہیے۔

سبق ۵: نماز

سوال ۱: ہر مسلمان کو روزانہ کتنی نمازوں کی ادائیگی کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب: ہر مسلمان کو روزانہ پانچ نمازوں کی ادائیگی کا حکم دیا گیا ہے۔

سوال ۲: نماز میں ہمارا دھیان کس طرف ہونا چاہیے؟

جواب: نماز میں ہمارا دھیان اللہ تعالیٰ کی طرف ہونا چاہیے۔

سوال ۳: نماز ادا کرنے کے چار آداب تحریر کریں؟

جواب: ا۔نماز ادا کرنے کے دوران ہمارا دھیان اللہ تعالیٰ کی طرف ہونا چاہیے۔

۲۔ نماز عاجزی اور انکساری کے ساتھ پڑھنی چاہیے۔

۳۔نماز سے پہلے وضو کرنا لازمی ہے۔

۴۔نماز ادا کرتے وقت رُخ خانہ کعبہ کی طرف ہونا ضروری ہے۔

سبق ۶: مسجد کی اہمیت و احترام

سوال ۱: اسلام میں اہم ترین عبادت کونسی ہے؟

جواب: اسلام میں اہم ترین عبادت نماز ہے۔

سوال ۲: نبی اکرمؐ نے سب سے پہلے کون سی مسجد تعمیر فرمائی؟

جواب: نبی اکرمؐ نے سب سے پہلے مسجدِ قباء تعمیر فرمائی۔

Scanned with Car

سوال۳: اسلام میں مسجد کی اہمیت بیان کریں؟

جواب: مسجد کو اسلامی معاشرے میں بڑی اہمیت حاصل ہے۔ وہاں مسلمانوں کو آپس میں ملنے کا موقع ملتا ہے۔ جس سے آپس میں محبت بڑھتی ہے۔ مسجد دینی، معاشرتی اور مذہبی تعلیم کا اہم ذریعہ ہے۔

سوال۴: مسجد کے کوئی سے پانچ آداب بیان کریں؟

جواب: ۱۔ مسجد میں وضو کر کے جانا چاہیے۔

۲۔ مسجد میں خوشبو لگا کر جانا بہتر ہے۔

۳۔ مسجد میں اونچی آواز میں باتیں نہ کریں۔

۴۔ مسجد کی صفائی اور پاکیزگی کا خیال رکھنا چاہیے۔

۵۔ مسجد میں داخل ہوتے وقت دایاں پاؤں اندر رکھنا چاہیے۔

Scanned with Car

# باب سوئم: سیرتِ طیبہ

## سبق ۱: حضرت ابو طالب کی کفالت

سوال: خالی جگہ اور ایم سی کیوز

## سبق ۲: سفرِ شام

سوال ۱: حضرت ابو طالب ملکِ شام کیوں جاتے تھے؟

جواب: حضرت ابو طالب تجارت کی غرض سے ملکِ شام جاتے تھے۔

سوال ۲: حضرت ابو طالب حضورِ اکرمؐ کو اپنے ساتھ ملکِ شام کے سفر پر کیوں نہیں لے جانا چاہتے تھے؟

جواب: حضرت ابو طالب طویل اور دشوار گزار سفر کی وجہ سے آپ کو ساتھ نہیں لے جانا چاہتے تھے۔

سوال ۳: عیسائی راہب بُحیرا نے حضورؐ کے بارے میں حضرت ابو طالب سے کیا کہا؟

جواب: اُس نے حضرت ابو طالب سے کہا کہ اِس بچے کو واپس لے جاؤ۔ اس کے چہرے پر آخری نبی کی نشانیاں ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ راستے میں دشمن آپ لوگوں کو تکلیف پہنچائیں۔

## سبق ۳: حلف الفضول

سوال ۱: قریش کے کن دو قبیلوں کے درمیان مقدس مہینوں کے دوران لڑائی ہوئی؟

جواب: قبیلہ قریش اور قبیلہ بنو قیس کے درمیان مقدس مہینوں کے درمیان لڑائی ہوئی۔

سوال ۲: قبیلوں کے سرداروں نے آپس میں کیا فیصلہ کیا؟

جواب: قبیلوں کے سرداروں نے آپس میں فیصلہ کیا کہ وہ آپس میں لڑنے سے بچیں گے اور اُن میں سے ہر شخص مظلوم کی حمایت کرے گا۔

Scanned with Car

سوال۳: معاہدہ حلف الفضول کے بارے میں رسول اکرمؐ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: آپ ﷺ نے فرمایا: اس معاہدے کے بدلے اگر کوئی مجھ کو سرخ رنگ کے سو عدد اُونٹ بھی دے تو میں اسے قبول نہ کروں۔اور آج بھی ایسے معاہدے کے لیے مجھے کوئی بلائے تو میں حاضر ہوں۔

سوال۴: اس معاہدے کو حلف الفضول کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: اس معاہدے کو حلف الفضول اس لیے کہتے ہیں کیوں کہ اس میں شامل لوگوں کے ناموں میں فضل آتا تھا۔

سبق۴: حضرت خدیجہؓ سے نکاح

سوال۱: حضورِ اکرمؐ کی کن خوبیوں کی شہرت دور دور تک پھیل چکی تھی؟

جواب: حضورِ اکرمؐ کی ایمانداری اور اعلیٰ کردار کی شہرت دور دور تک پھیل چکی تھی۔

سوال۲: حضرت خدیجہؓ نے رسولِ اکرمؐ سے کیا درخواست کی؟

جواب: حضرت خدیجہؓ نے رسولِ اکرمؐ سے سامانِ تجارت ملکِ شام لے جانے کی درخواست کی۔

سوال۳: حضرت خدیجہؓ کو اُن کے غلام نے حضورِ اکرمؐ کے بارے میں کیا بتایا؟

جواب: حضرت خدیجہؓ کو اُن کے غلام میسرہ نے حضورِ اکرمؐ کی سچائی اور دیانت داری کے بارے میں بتایا۔

سبق۵: حجرِ اسود کی تنصیب

سوال۱: حجرِ اسود کا مطلب کیا ہے؟

جواب: حجرِ اسود سیاہ رنگ کا ایک مقدس پتھر ہے جو کہ خانہ کعبہ کی دیوار میں نصب ہے۔حجر کا مطلب پتھر اور اسود کالے کو کہتے ہیں۔

سوال۲: تعمیرِ کعبہ کے وقت حجرِ اسود نصب کرنے پر کیوں جھگڑا ہوا؟

جواب: کیوں کہ ہر قبیلہ چاہتا تھا کہ حجرِ اسود کو دیوار میں رکھنے کا مبارک کام وہ کرے اس پر جھگڑا ہوا۔

Scanned with Car

سوال۳: حضورِ اکرمؐ نے حجرِ اسود کی تنصیب کے بارے میں کیا فیصلہ کیا؟

جواب: حضورِ اکرم نے جھگڑے کا حال سننے کے بعد ایک چادر منگوائی اور حجرِ اسود کو اُٹھا کر اُس چادر پر رکھ دیا اور ہر قبیلے کے سردار کو کہا کہ چادر کو کونے سے پکڑ کر اُس مقام تک حجرِ اسود کو لے آئیں جہاں اسے لگانا تھا۔ جب حجرِ اسود اس مقام تک آ گیا تو آپ نے اپنے مبارک ہاتھوں سے اسے اس کی اصل جگہ پر لگا دیا۔

سوال ۴: حضورِ اکرم کے فیصلے کا کیا نتیجہ نکلا؟

جواب: آپؐ کی دانشمندی اور اچھے فیصلے سے تمام قبیلے خوش ہو گئے اور لڑائی کا خطرہ ٹل گیا۔

سبق ۶: غارِ حرا میں خلوت نشینی

سوال ۱: غارِ حرا کہاں واقع ہے؟

جواب: غارِ حرا مکہ مکرمہ سے تقریباً پانچ کلومیٹر کے فاصلے پر جبلِ نور میں واقع ہے۔

سوال ۲: حضورؐ غارِ حرا میں کیوں تشریف لے جاتے تھے؟

جواب: حضورِ اکرمؐ غارِ حرا میں عبادت کی غرض سے تشریف لے جاتے تھے۔

سوال ۳: حضرت جبرئیل علیہ اسلام اللہ تعالیٰ کا پیغام لے کر سب سے پہلے کہاں آئے؟

جواب: حضرت جبرئیل علیہ اسلام اللہ تعالیٰ کا پیغام لے کر سب سے پہلے غارِ حرا میں آئے۔

حصہ ب: سبق ۱: حضرت محمدؐ کی صداقت

سوال ۱: صداقت کسے کہتے ہیں؟

جواب: صداقت کے معنی ہیں سچ بولنا اور جھوٹ سے بچنا۔

سوال ۲: لوگ نبی کریمؐ کو کن ناموں سے پکارتے تھے؟

جواب: لوگ نبی کریم کو صادق اور امین کے ناموں سے پکارتے تھے۔

Scanned with Car

سوال۳: شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی والدہ نے انھیں کیا نصیحت کی؟

جواب: اُن کی والدہ نے نصیحت فرمائی کہ ہمیشہ سچ بولنا کبھی جھوٹ نہ بولنا کیوں کہ صداقت اللہ تعالیٰ کو پسند ہے جبکہ جھوٹ بڑا گناہ ہے۔

سوال۴: سچ بولنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

جواب: سچ بولنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور انسان کی عزت بڑھتی ہے۔

سبق۲: رسول اللہ کی امانت داری

سوال۱: امانت کا مطلب کیا ہے؟

جواب: اس مال یا چیز کو امانت کہتے ہیں جو آپ کسی شخص کے پاس کچھ عرصہ تک حفاظت کے لیے رکھواتے ہیں۔ اور ضرورت پڑنے پر واپس لے لیتے ہیں۔

سوال۲: خیانت کسے کہتے ہیں؟

جواب: امانت کے طور پر رکھوائی گئی چیز کو اگر پوری کی پوری واپس نہ کریں یا اس میں سے کچھ حصہ رکھ لیں تو یہ حرکت خیانت کہلاتی ہے۔

سوال۳: سبق کے مطابق امانت داری کی بہترین مثالیں کس نے پیش کیں؟

جواب: سبق کے مطابق امانت داری کی بہترین مثالیں حضرت محمدؐ اور حضرت علی نے پیش کیں۔

سوال۴: ہجرت کے وقت نبی کریمؐ نے لوگوں کی امانتیں واپس دینے کے لیے کس کے سپرد کیں؟

جواب: آپ نے لوگوں کی امانتیں واپس دینے کے لیے حضرت علی کے سپرد کیں۔

سوال۵: نبی کریمؐ نے حضرت علی کو کیا نصیحت فرمائی؟

جواب: نبی کریمؐ نے حضرت علی کو لوگوں کی امانتیں واپس کرنے کی نصیحت فرمائی۔

سوال۶: دوسرون کی امانتوں کے ساتھ ہمیں کیا برتاؤ کرنا چاہیے؟

جواب: دوسروں کی امانتوں میں خیانت نہیں کرنی چاہیے۔

Scanned with Car

سبق ۳: حسنِ معاملات

سوال ۱: احسن اور عائشہ کے گھر میں دروازے پر کس نے دستک دی؟
جواب: احسن اور عائشہ کے گھر میں دروازے پر سائل نے دستک دی۔

سوال ۲: احسن نے سائل کی آواز سن کر کیا کہا؟
جواب: احسن نے کہا: عائشہ جاؤ مانگنے والے کو بتاؤ کہ ہم خود کھانا کھا رہے ہیں۔

سوال ۳: احسن کے والد صاحب نے بچون کی باتیں سن کر کیا کیا؟
جواب: بچوں کی باتیں سن کر والد صاحب خود اُٹھے اور سائل کو کھانا دے آئے۔

سوال ۴: والد صاحب نے بچوں کو کیا نصیحت کی؟
جواب: والد صاحب نے بچوں کو نصیحت کی کہ ہمیں بھوکوں کو کھانا کھلانا چاہیے۔ دوسروں سے اچھا برتاؤ کرنا چاہیے۔ ضرورت مندوں کی مدد کرنی چاہیے اور اُن کے ساتھ نیک سلوک کرنا چاہیے۔

حصہ ج: سبق ۱: رواداری

سوال ۱: رواداری سے کیا مراد ہے؟
جواب: رواداری سے مراد دوسروں کا لحاظ رکھنا، اُن کی باتوں کو برداشت کرنا اور دوسروں سے رعائیت کرنا ہے۔

سوال ۲: آپ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ سے رواداری کا کوئی ایک واقعہ لکھیں؟
جواب: ایک مرتبہ آپ ﷺ حرم میں نماز پڑھ رہے تھے ایک کافر عقبہ نے آپ ﷺ کی گردن مبارک میں چادر ڈال کر زور سے کھینچا۔ آپ نے اِس آزمائش کو برداشت کیا اور بدلہ نہ لیا۔

Scanned with Car

## سبق۲: صبر و تحمل

سوال۱: دکھ یا مصیبت کو حوصلے کے ساتھ جھیلنے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: دکھ یا مصیبت کو حوصلے کے ساتھ جھیلنے کو صبر کہتے ہیں۔

سوال۲: حضورِ اکرمؐ کے صبر و تحمل کے کردار کی ایک مثال دیں؟

جواب: کفّارِ مکہ آپؐ کے راستے میں کانٹے بچھاتے اور آپؐ کو طرح طرح کی تکلیفیں دیتے مگر آپؐ ہمیشہ صبر کرتے۔

سوال۳: حضورِ اکرمؐ نے طائف کے لوگوں کے ظلم و ستم کے جواب میں کیسا روّیہ اپنایا؟

جواب: آپؐ نے طائف کے لوگوں کے ظلم و ستم کے جواب میں انھیں دُعا دی۔

سوال۴: معاشرے میں امن و سکون قائم کرنے کے لیے ہمیں کیسا روّیہ اختیار کرنا چاہیے؟

جواب: معاشرے میں امن و سکون قائم کرنے کے لیے ہمیں صبر و تحمل اختیار کرنا چاہیے۔

## سبق۳: حسنِ معاشرت

سوال۱: حسنِ معاشرت سے کیا مراد ہے؟

جواب: حسنِ معاشرت سے مراد محبت کے ساتھ مل جل کر رہنا اور دوسروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا ہے۔

سوال۲: آپؐ نے بُڑھیا کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

جواب: آپؐ نے بُڑھیا کا بوجھ خود اُٹھا لیا۔

سوال۳: حضورِ اکرمؐ لوگوں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے تھے؟

جواب: ہمارے پیارے نبیؐ تمام لوگوں کے ساتھ انتہائی شفقت سے پیش آتے تھے۔

Scanned with Car

# باب چہارم: اخلاق و آداب

## سبق ۱: رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات

سوال ۱: اچھے تعلقات کیسے پیدا ہوتے ہیں؟

جواب: ایک دوسرے کی مدد کرنے، خوش اخلاقی سے پیش آنے اور باہمی ادب احترام کا برتاؤ کرنے سے آپس میں اچھے تعلقات پیدا ہوتے ہیں۔

سوال ۲: ہمیں بہن بھائیوں اور رشتہ داروں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

جواب: ہمیں بہن بھائیوں اور رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہیے۔

سوال ۳: حضورِ اکرمؐ رشتہ داروں سے کیسا سلوک فرماتے؟

جواب: حضورِ اکرمؐ اپنے رشتہ داروں سے حسنِ سلوک سے پیش آتے تھے۔

## سبق ۲: پڑوسیوں اور ساتھیوں کے ساتھ اچھے تعلقات

سوال ۱: اسلام میں پڑوسیوں کے کیا حقوق ہیں؟

جواب: اسلام میں پڑوسی کے ساتھ بدسلوکی جائز نہیں اور اسلام میں پڑوسیوں کا خیال رکھنے کی بہت تاکید کی گئی ہے۔

سوال ۲: پڑوسی کے حقوق کے بارے میں نبی کریمؐ نے کیا ارشاد فرمایا ہے؟

جواب: آپؐ نے پڑوسی کے حقوق کے بارے میں ارشاد فرمایا: پڑوسی کے حقوق کے بارے میں جبرئیل علیہ اسلام نے مجھے ایسے تاکید فرمائی کہ مجھے خیال ہونے لگا کہ شاید اللہ تعالیٰ میراث میں بھی پڑوسی کو حصہ دار بنا دے گا۔

سوال ۳: دوستوں اور قریبی ساتھیوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

جواب: دوستوں اور ساتھیوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور پیار محبت سے پیش آنا چاہیے۔

Scanned with Car

سبق ۳: جھوٹ سے اجتناب

سوال ۱: جھوٹ سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ بات جو حقیقت کے مطابق نہ ہو جھوٹ کہلاتی ہے۔

سوال ۲: قرآن پاک میں جھوٹ بولنے والوں کے بارے مین کیا کہا گیا ہے؟

جواب: قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔

سوال ۳: حضورِ اکرم نے جھوٹ سے بچنے کے لیے کیا نصیحت فرمائی؟

جواب: حضورؐ نے نصیحت فرمائی کہ یہ عہد کرلو کہ جھوٹ نہیں بولو گے۔

سبق ۴: چوری سے اجتناب

سوال ۱: چوری سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی دوسرے کا مال اُس کی غفلت میں چھپ کر حاصل کر لینا، چوری کہلاتا ہے۔

سوال ۲: اسلام میں چوری کی کیا سزا ہے؟

جواب: اسلام میں چوری کی سزا میں ہاتھ کاٹ دینے کا حکم ہے۔

سوال ۳: حضورِ اکرمؐ نے چوری کرنے والے کے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: آپؐ نے فرمایا: اللہ گواہ ہے کہ اگر میری بیٹی بھی چوری کرتی تو میں اس کے ہاتھ بھی کاٹ دیتا۔

سبق ۵: غیبت اور بہتان سے اجتناب

سوال ۱: غیبت سے کیا مراد ہے؟

غیبت سے مراد کسی شخص کی غیر موجودگی میں اُس کی بُرائی کرنا یا اُس کے عیب گنوانا ہے۔

Scanned with Car

سوال۲: بہتان کا مطلب بیان کریں؟

جواب: بہتان کا مطلب کسی شخص پر جھوٹا الزام لگانا ہے یا اس سے کوئی ایسا عیب یا خرابی منسوب کرنا ہے جو اُس میں موجود نہ ہو۔

سوال۳: غیبت کے بارے میں حضورِ اکرمؐ نے کیا فرمایا ہے؟

جواب: آپؐ نے فرمایا: ایک دوسرے سے نہ تو بغض رکھو، نہ ہی ایک دوسرے کی غیبت کرو۔

## سبق ۶: گفتگو کے آداب

سوال۱: گفتگو کے بارے میں قرآن مجید کی کسی آیت کا حوالہ دیں؟

جواب: ترجمہ: اور لوگوں سے احسن طریقے سے بات کرو۔

سوال۲: حضورِ اکرمؐ کے اندازِ گفتگو کی تین خوبیاں بیان کریں؟

جواب: ۱۔ آپؐ نرم آواز میں گفتگو فرماتے۔

۲۔ آپؐ مختصر بات کرتے۔

۳: آپؐ ٹھہر ٹھہر کر گفتگو فرماتے۔

سوال۳: گفتگو کے چار آداب بیان کریں؟

جواب: ۱۔ بات شروع کرنے سے پہلے سلام کریں۔

۲۔ گفتگو سوچ سمجھ کر کریں۔

۳۔ دوسروں کی بات توجہ سے سنیں۔

۴۔ بات مختصر کریں۔ غیر ضروری بات نہ کریں۔

Scanned with Car

# باب پنجم: ہدایت کے سرچشمے / مشاہیرِ اسلام

## سبق ۱: حضرت ابراہیم علیہ السلام

**سوال ۱:** حضرت ابراہیم علیہ اسلام کے ابتدائی حالاتِ زندگی بیان کریں؟
جواب: حضرت ابراہیم علیہ اسلام عراق کے ایک قدیم شہر اُر میں تقریباً چار ہزار سال پہلے پیدا ہوئے۔ اُس زمانے میں بت پرستی عام تھی لوگ بہت گمراہ تھے۔ آپ لوگوں کو بت پرستی اور غلط باتوں سے روکتے تھے۔

سوال ۲: لوگ حضرت ابراہیم علیہ اسلام کے دشمن کیوں بن گئے؟
جواب: آپ لوگوں کو بتوں کی پوجا سے روکتے تھے اسی لیے لوگ آپ کے دشمن بن گئے۔

سوال ۳: حضرت ابراہیم علیہ اسلام نے بتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا تھا جس پر لوگوں نے اُنھیں آگ میں ڈالا؟
جواب: حضرت ابراہیم علیہ اسلام نے بتوں کو توڑا اور لوگوں کو بت پرستی سے منع کیا جس پر وہ آپ کے دشمن ہو گئے اور اُن کے بادشاہ نمرود نے آپ کو بھڑکتی ہوئی آگ میں ڈالنے کا حکم دیا۔

سوال ۴: حضرت ابراہیم علیہ اسلام کو کس طرح کی آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑا؟
جواب: حضرت ابرہیم علیہ اسلام ایک بار اللہ کے حکم سے اپنی بیوی اور بیٹے کو صحرا میں چھوڑ آئے جہاں اللہ نے اُن کے لیے آبِ زم زم جاری کیا۔ ایک بار اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے بیٹے کو اللہ کی راہ میں قربان کرنے کا حکم دیا۔ آپ تیار ہو گئے تو اللہ نے قربانی کے لیے مینڈھا بھیجا اور آپ کی قربانی قبول فرمائی۔

سوال ۵: مسلمان ہر سال عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کیون کرتے ہیں؟
جواب: مسلمان ہر سال عیدالاضحیٰ کے موقع پر حضرت ابراہیم علیہ اسلام کی عظیم قربانی کی یاد تازہ کرنے کے لیے جانوروں کی قربانی کرتے ہیں۔

Scanned with Car

سبق۲: حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال۱: حضرت ابوبکر صدیقؓ کا تعلق قریش کے کس قبیلے سے تھا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ کا تعلق بنو تمیم سے تھا۔

سوال۲: آپؓ کو رسول اللہؐ نے صدیق کا لقب کیوں دیا؟

جواب: آپؓ کو رسول اللہؐ نے سب سے پہلے واقعہ معراج کی تصدیق کرنے پر صدیق کا لقب دیا۔

سوال۳: غارِ ثور میں نبی کریمؐ کے ساتھ آپؓ کا قیام کتنے روز رہا؟

جواب: غارِ ثور میں نبی اکرمؐ کے ساتھ آپ کا قیام تین روز رہا۔

سوال۴: حضرت ابوبکر صدیق نے اپنے دورِ خلافت میں کیا خدمات انجام دیں؟

جواب: ۱۔ آپؓ کفار کے خلاف تمام جنگوں میں شریک ہوئے۔

۲۔ آپؓ نے غزوہ تبوک میں گھر کا سامان نبی اکرم کی خدمت میں پیش کیا۔

۳۔ رسول اللہؐ نے انھیں ۹ ہجری میں امیرِ حج مقرر کیا۔

۴۔ آپؓ کے دورِ خلافت میں قرآن کریم کو ایک جگہ جمع کیا گیا۔

Scanned with Car